امیر اہلسنت دامت برکاتہم العالیہ کے

"مجلس مدنی انعامات و ۱۲ روزہ مدنی کورس" سے متعلق

# 94 مدنی پھول



اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ وَالصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی سَیِّدِ الْمُرْسَلِیْنَ اَمَّا بَعْدُ فَاَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ ط بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ط

## "دنیا بھر میں ہو جائے اے کاش! دھوم دھام
## یا پا کے مدنی انعامات اور مدنی کورس ہوں خوب عام"

## امیر اہلسنت دامت برکاتہم العالیہ کے "مجلس مدنی انعامات و ۱۲ روزہ مدنی کورس" سے متعلق
## 94 مدنی پھول

{1} جو کم بولتا ہے، اسے مطالعہ کا وقت زیادہ ملتا ہے۔ (مدنی مذاکرہ یکم ربیع الآخر ۱۴۳۶ھ، مدنی پھول نمبر ۱۴)

{2} میری خواہش ہے کہ تمام کورسز کے معلمین، درس نظامی کے اساتذہ اور دارالافتاء کے مفتیان کرام بھی ۱۲ روزہ مدنی کورس کریں۔ (مدنی مذاکرہ یکم ربیع الآخر ۱۴۳۶ھ، مدنی پھول نمبر ۱۷)

{3} جو روزانہ فکر مدینہ کر کے چاندرات یا یکم تاریخ کو مدنی انعامات کا رسالہ جمع کروا دے، تو میرا جی چاہتا ہے کہ میں اسے "چل مدینہ" کردوں۔ (مدنی مذاکرہ ۲ ربیع الآخر ۱۴۳۶ھ، مدنی پھول نمبر ۶)

{4} مجھے مدنی انعامات سے بے حد پیار ہے۔ (مدنی مذاکرہ ۲ ربیع الآخر ۱۴۳۶ھ، مدنی پھول نمبر ۷)

{5} اگر آپ کو عالم باعمل یا باعمل مبلغ بننا ہے تو ۱۲ روزہ مدنی کورس کرلیں۔
(مدنی مذاکرہ ۶ ربیع الآخر ۱۴۳۶ھ، مدنی پھول نمبر ۱۳ (آف ائیر)

{6} کردار کی اصلاح میں ۱۲ روزہ مدنی کورس سب پر حاوی ہے۔
(مدنی مذاکرہ ۶ ربیع الآخر ۱۴۳۶ھ، مدنی پھول نمبر ۱۴ (آف ائیر)

{7} اراکین شوریٰ و جملہ ذمہ داران وطلبہ واساتذہ سے مدنی التجا ہے کہ ۱۲ روزہ مدنی کورس ضرور کریں۔
(مدنی مذاکرہ ۶ ربیع الآخر ۱۴۳۶ھ، مدنی پھول نمبر ۱۵ (آف ائیر)

{8} سالانہ مدنی انعام ایک ماہ کا مدنی قافلہ میں ۱۲ روزہ مدنی کورس شامل کر دیا گیا ہے، ایک ماہ کے مدنی قافلے میں سفر کرنیوالے عاشقان رسول پہلے یہ کورس کریں گے، پھر سنتوں کی دھومیں مچانے کے لئے بقیہ ایام، مدنی قافلے میں گزاریں گے۔ (مدنی مذاکرہ ۶ ربیع الآخر ۱۴۳۶ھ، مدنی پھول نمبر ۱۷ (آف ائیر)

{9} میری خواہش ہے کہ جامعۃ المدینہ کا ہر طالب علم اور استاذ ۱۲ روزہ مدنی کورس کرلے۔

(مدنی مذاکرہ ۶ ربیع الآخر ۱۴۳۶ ھ، مدنی پھول نمبر ۲۳ (آف ائیر)

{10} اگرہم کما حقہ فضول باتوں سے بچنے میں کامیاب ہوجائیں، تو یہ اللہ عزوجل کی طرف سے نعمت ہے۔

(مدنی مذاکرہ ۹ ربیع الآخر ۱۴۳۶ ھ، مدنی پھول نمبر ۲۶ (آف ائیر)

{11} ۱۲ روزہ مدنی کورس بار بار کرتے رہیں تاکہ بیٹری چارج ہوتی رہے۔

(مدنی مذاکرہ ۹ ربیع الآخر ۱۴۳۶ ھ، مدنی پھول نمبر ۲۸ (آف ائیر)

{12} اگرکوئی صحیح معنوں میں مدنی انعامات پر عمل کرے تو وہ نیک و پرہیز گار بن جائے گا۔

(مدنی مذاکرہ ۹ ربیع الآخر ۱۴۳۶ ھ، مدنی پھول نمبر ۳۱ (آف ائیر)

{13} مدنی انعامات، جنت میں جانے کا فارمولا ہے، ان پر عمل کرنے والے کا کردار ستھرا ہوجائے گا اور وہ نمازی و پرہیز گار بن جائے گا۔ ان شاءاللہ عزوجل (مدنی مذاکرہ ۱۰ ربیع الاول ۱۴۳۶ ھ، مدنی پھول نمبر ۵)

{14} مدنی انعامات، روحانیت پانے کا نسخہ ہیں، ان پر عمل کرنے سے خوف خدا اور عشق مصطفٰے حاصل ہوتا ہے۔

(مدنی مذاکرہ ۱۲ ربیع الاول ۱۴۳۶ ھ، مدنی پھول نمبر ۲)

{15} ہر روز فکر مدینہ کرکے ہر مہینے اپنے ذمہ دار کو مدنی انعامات کا رسالہ جمع کروایئے، اس سے استقامت ملے گی۔ ان شاءاللہ عزوجل (مدنی مذاکرہ ۱۲ ربیع الاول ۱۴۳۶ ھ، مدنی پھول نمبر ۳)

{16} مدنی انعامات کا حقیقی عامل، ہزاروں لاکھوں میں پہنچانا جاتا ہے، کیونکہ وہ نکھرا نکھرا نظر آتا ہے۔

(مدنی مذاکرہ ربیع الاول ۱۴۳۶ ھ، مدنی پھول نمبر ۴)

{17} سر بند سنت ہے، اللہ عزوجل کے نیک بندے (مدنی انعامات پر عمل کرنے والے) اسے استعمال کرتے ہیں۔

(مدنی مذاکرہ ۵ ربیع الاول ۱۴۳۶ ھ، مدنی پھول نمبر ۱)

{18} قفل مدینہ میں سنجیدہ ہوجائیں، یوم قفل مدینہ پوری زندگی منانا ہے۔

(مدنی مذاکرہ ۷ ربیع الاول ۱۴۳۶ ھ، مدنی پھول نمبر ۹)

{19} ۱۲ روزہ مدنی کورس میں جنت میں لے جانے والے اعمال کی مشق کروائی جاتی ہے۔

(مدنی مذاکرہ ۹ ربیع الاول ۱۴۳۶ ھ، مدنی پھول نمبر ۶)

{20} ۱۲ روزہ مدنی کورس کرلیں تو نکھار کو بھی نکھار آجائے گا۔ (مدنی مذاکرہ ۹ ربیع الاول ۱۴۳۶ ھ، مدنی پھول نمبر ۷)

www.dawateislami.net

{21} مدنی انعامات کے مطابق زندگی گزاریں۔ (مدنی مذاکرہ ٦ ربیع الاول ١٤٣٦ھ،)

{22} اگر فضول باتوں کی عادت ختم ہوجائے تو امن قائم ہو جائے۔

(مدنی مذاکرہ ١٥ محرم الحرام ١٤٣٦ھ، مدنی پھول نمبر ٢٠ (آف ائیر)

{23} نگاہیں جھکا کر بات کرنے کی عادت اپنے اوپر نافذ کرلیں ان شاء اللہ عزوجل لطف آئے گا۔

(مدنی مذاکرہ ١٥ محرم الحرام ١٤٣٦ھ، مدنی پھول نمبر ٢١ (آف ائیر)

{24} مجھے سفید کپڑے کی ٹوپی (جو سر پر چپڑی ہوئی ہو) پسند ہے۔

(مدنی مذاکرہ ١٦ محرم الحرام ١٤٣٦ھ، مدنی پھول نمبر ١١ (آف ائیر)

{25} ١٢ روزہ مدنی کورس میں قفل مدینہ اور مدنی انعامات کی مشق کروائی جاتی ہے۔

(مدنی مذاکرہ ٧ صفر المظفر ١٤٣٦ھ،)

{26} خاموش رہنے میں دنیا و آخرت کے فوائد ہیں۔ (مدنی مذاکرہ ٧ صفر المظفر ١٤٣٦ھ،)

{27} فضول باتوں سے دل سخت ہوجاتا ہے، دل کا سخت ہونا بہت بری بات ہے۔ ایسا شخص اللہ عزوجل کی رحمت سے محروم ہوجاتا ہے۔ (مدنی مذاکرہ ٧ صفر المظفر ١٤٣٦ھ،)

{28} مٹی کے برتن میں کھانا ثواب کا کام ہے۔ (مدنی مذاکرہ ٢٤ ذوالحجۃ الحرام ١٤٣٥ھ، مدنی پھول نمبر ٨)

{29} کم کھانے کی تحریک کو سارا سال زندہ رکھنا ہے۔ ان شاء اللہ عزوجل (مدنی مذاکرہ ٢٩ رمضان المبارک ١٤٣٥ھ،)

{30} ١٢ روزہ مدنی کورس انسان بنانے والا کورس ہے۔ (مدنی مذاکرہ ٢٥ ذوالحجۃ الحرام ١٤٣٥ھ، مدنی پھول نمبر ٩)

{31} ہر اسلامی بھائی مرنے سے پہلے ١٢ روزہ مدنی کورس ضرور کرلے، موت کا کچھ بھروسہ نہیں لہذا جلدی کیجئے۔

(مدنی مذاکرہ ٢٥ ذوالحجۃ الحرام ١٤٣٥ھ، مدنی پھول نمبر ١٠)

{32} سفید چادر اوڑھنے سے چونکہ چہرے پر جاذبیت و خوبصورتی کے آثار بڑھنے اور زینت حاصل ہوتی ہے، لہذا اس نیت سے چادر اوڑھیں کہ نماز کے لئے زینت حاصل کرتا ہوں۔

(مدنی مذاکرہ ٢٦ ذوالحجۃ الحرام ١٤٣٥ھ، مدنی پھول نمبر ١٠)

{33} مدنی انعامات کے بغیر آدمی ادھورا ہے۔ (مدنی مذاکرہ ٧ محرم الحرام ١٤٣٦ھ، مدنی پھول نمبر ١٦)

{34} کاش! ایسا ہوجائے کہ جب ہم بولنا چاہیں تو تھوڑا سا رک جائیں، سوچیں پھر بولیں

(مدنی مذاکرہ ٢٨ صفر المظفر ١٤٣٦ھ)

www.dawateislami.net

{35} گناہوں بھری باتوں سے ہر وقت بچنا واجب ہے۔(مدنی مذاکرہ ۱ محرم الحرام ۱۴۳۶ھ، مدنی پھول نمبر ۱۳)

{36} مدنی انعامات پر عمل کرتے رہیں۔(مدنی مذاکرہ ۲۸ رمضان المبارک ۱۴۳۵ھ،)

{37} بدنگائی اور فضول نگائی سے بچنے کے لئے درس و بیان کرتے ہوئے نگاہ ئے نیچی رکھنے کی مشق کریں۔ یاد رکھیں! قیامت کے روز فضول نظری کا بھی حساب ہے۔(مدنی مذاکرہ ۹ شوال المکرم ۱۴۳۵ھ، مدنی پھول نمبر ۷)

{38} تمام اسلامی بھائی یوم قفل مدینہ منائیں۔(مدنی مذاکرہ ۴ ذوالقعدۃ الحرام ۱۴۳۵ھ، مدنی پھول نمبر ۳۳)

{39} تمام ذمہ داران بشمول اراکین مرکزی مجلس شوریٰ، نگران و اراکین کابینات و کابینہ ۱۲ روزہ مدنی کورس کریں۔
(مدنی مذاکرہ ۱۱ ذوالقعدۃ الحرام ۱۴۳۵ھ، مدنی پھول نمبر ۴)

{40} فضول بات کی تعریف یہ ہے کہ ایسی بات جس میں نہ دین کا فائدہ ہو نہ دنیا کا۔
(مدنی مذاکرہ ۴ ذوالقعدۃ الحرام ۱۴۳۵ھ، مدنی پھول نمبر ۲۱)

{41} نگاہوں کی حفاظت کے لئے کوشش تیز تر کردیں۔(مدنی مذاکرہ ۱۸ ذوالقعدۃ الحرام ۱۴۳۵ھ، مدنی پھول نمبر ۹)

{42} اللہ عزوجل ہمیں ہر عضو کا قفل مدینہ نصیب فرمائے۔(مدنی مذاکرہ ۱۳ شوال المکرم ۱۴۳۵ھ، مدنی پھول نمبر ۱۷)

{43} ہر دعوت اسلامی والا اور جو دعوت اسلامی میں نہیں بھی ہے وہ بھی ۱۲ دن کا مدنی کورس کرلے۔
(مدنی مذاکرہ ۱۳ شوال المکرم ۱۴۳۵ھ، مدنی پھول نمبر ۱۵)

{44} کاش زبان پر حقیقی قفل مدینہ لگ جائے۔(مدنی مذاکرہ ۳۰ شوال المکرم ۱۴۳۵ھ، مدنی پھول نمبر ۱۱)

{45} ہر روز فکر مدینہ کرکے مدنی انعامات کے رسالے کے خانے پر کریں اور ذمہ دار کو ہر مدنی ماہ کی پہلی تاریخ کو جمع کروادیں۔ ۱۰ تاریخ کا انتظار نہ کریں۔(مدنی مذاکرہ ۳۰ شوال المکرم ۱۴۳۵ھ، مدنی پھول نمبر ۱۲)

{46} مستقل قفل مدینہ پر خصوصی توجہ دیں۔ مستقل قفل مدینہ والوں میں اپنا نام لکھوادیں۔ ان شاءاللہ عزوجل اسے استقامت ملے گی۔

{47} ہم نے گناہوں بھری باتوں سے بچانے کے لئے قفل مدینہ کا سلسلہ شروع کیا ہے۔
(مدنی مذاکرہ ۲۰ شوال المکرم ۱۴۳۵ھ، مدنی پھول نمبر ۱۴)

{48} مستقل قفل مدینہ لگانے سے سکون قلب نصیب ہوگا۔(مدنی مذاکرہ ۳۰ شوال المکرم ۱۴۳۵ھ، مدنی پھول نمبر ۱۵)

{49}۔ ۱۲ روزہ مدنی کورس کرنے سے کافی تقویٰ پیدا ہوتا ہے۔
(مدنی مذاکرہ ۳۰ شوال المکرم ۱۴۳۵ھ، مدنی پھول نمبر ۱۶)

{50} ۱۲ ماہ سفر کیئے ہوئے طالب علم کا اوڑھنا بچھونا مدنی انعامات کے مطابق ہو۔

(مدنی مذاکرہ ۳۰ شوال المکرم ۱۴۳۵ھ، مدنی پھول نمبر ۴۲ (آف ائیر)

{51} بڑی بڑی باتیں کرنے کی بجائے آپ دعوت اسلامی میں عملی طور پر آ کے دیکھیں، مدنی انعامات اپنا کر دیکھیں۔

(مدنی مذاکرہ ۱۶ رمضان المبارک ۱۴۳۵ھ،)

{52} جو مدنی انعامات کے مطابق زندگی گزار رہے ہیں وہ بہترین مسلمان ہیں۔

(مدنی مذاکرہ ۱۷ رمضان المبارک ۱۴۳۵ھ،)

{53} مدنی انعامات نہ صحت تباہ کرتے ہیں، نہ آخرت (مدنی مذاکرہ ۲۳ رمضان المبارک ۱۴۳۵ھ،)

{54} نیچی نظر رکھنے میں دنیا و آخرت کے فوائد ہیں۔ (مدنی مذاکرہ ۲۳ رمضان المبارک ۱۴۳۵ھ،)

{55} جو سچے دل سے مدنی انعامات پر عمل کرنے والا ہوگا اس کا گھر امن کا گہوارہ بن جائے گا۔

(مدنی مذاکرہ ۲۴ رمضان المبارک ۱۴۳۵ھ،)

{56} اخلاقیات کی تربیت کے لیے بارہ روزہ مدنی کورس بہت مفید ہے

(مدنی مذاکرہ، ۱۷ ربیع الآخر ۱۴۳۶ھ، مدنی پھول 25 آف ائیر)

{57} بارہ روزہ مدنی کورس سو (100) بار کیا جائے تو بھی کم ہے۔

(مدنی مذاکرہ، ۱۷ ربیع الآخر ۱۴۳۶ھ، مدنی پھول 26 آف ائیر)

{58} بارہ روزہ مدنی کورس میں کردار سازی کی جاتی ہے۔

(مدنی مذاکرہ، ۱۸ ربیع الآخر ۱۴۳۶ھ، مدنی پھول 16 آف ائیر)

{59} اپنے آپ پر تقویٰ کی پالش کرنے کے لئے بارہ روزہ مدنی کورس کر لیجئے۔

(مدنی مذاکرہ، ۱۹ ربیع الآخر ۱۴۳۶ھ، مدنی پھول 23 آف ائیر)

{60} جو عمامہ شریف پر سفید چادر اُوڑھتا ہے میں اس سے خوش ہوتا ہوں۔

(مدنی مذاکرہ، ۲۴ ربیع الآخر ۱۴۳۶ھ، مدنی پھول 8)

{61} کم گو اور نیچی نظر رکھنے والے سنتوں کے پیکر اسلامی بھائیوں، مجھے اچھے لگتے ہیں۔

(مدنی مذاکرہ، ۲۴ ربیع الآخر ۱۴۳۶ھ، مدنی پھول 27 آف ائیر)

{62} زبان کا قفلِ مدینہ لگانے والے اسلامی بھائی مسکرانے کی عادت بنائیں تاکہ لوگ آپ کے قریب آئیں۔

(مدنی مذاکرہ، یکم جمادی الاولیٰ ۱۴۳۶ھ، مدنی پھول 5)

{63} سلام میں پہل کرنا اِزدِیادِ حُب (محبت بڑھانے) کا باعث ہے۔

(مدنی مذاکرہ، یکم جمادی الاولیٰ ۱۴۳۶ھ، مدنی پھول 19)

{64} اپنی گفتگو پر غور و فکر کیا کریں کہ میں نے کیا اور کیوں بولا؟

(مدنی مذاکرہ، 11 جمادی الاولیٰ ۱۴۳۶ھ، مدنی پھول 2 آف ائیر)

{65} احیاء العلوم انسان بنانے والی کتاب ہے۔

(مدنی مذاکرہ، 11 جمادی الاولیٰ ۱۴۳۶ھ، مدنی پھول 15 آف ائیر)

{66} اللہ عزوجل کی رحمت سے قفلِ مدینہ لگانے والے طلباء پڑھتے بھی ہیں اور مدنی کام بھی کرتے ہیں۔

(مدنی مذاکرہ، 13 جمادی الاولیٰ ۱۴۳۶ھ، مدنی پھول 1)

{67} بارہ روزہ مدنی کورس کردار ساز ہے۔

(مدنی مذاکرہ، 16 جمادی الاولیٰ ۱۴۳۶ھ، مدنی پھول 7)

{68} ہمارے ہزاروں اچھے کام، ثواب کی نیت نہ کرنے کی وجہ سے محض مباح ہوتے ہیں۔ (یعنی وہ کارِ ثواب نہیں بنتے) (مدنی مذاکرہ، 15 جمادی الاخریٰ ۱۴۳۶ھ، مدنی پھول 4)

{69} ہر اسلامی بھائی اور اسلامی بہن زندگی میں کم از کم ایک مرتبہ 12 روزہ مدنی کورس ضرور کریں کیونکہ یہ کردار ساز کورس ہے۔ (مدنی مذاکرہ، 29 جمادی الاخریٰ ۱۴۳۶ھ، مدنی پھول 8)

{70} اسلامی بہنوں کو مدنی کورس کی برکتیں مل جائیں تو گھر امن کا گہوارہ بن جائے گا۔

(مدنی مذاکرہ، 29 جمادی الاخریٰ ۱۴۳۶ھ، مدنی پھول 6)

{71} جِن جِن اِسلامی بھائیوں اور اِسلامی بہنوں سے ہو سکے، مدنی کورس کے معلم و معلمہ بننے کی کوشش کریں۔

(مدنی مذاکرہ، 29 جمادی الاخریٰ ۱۴۳۶ھ، مدنی پھول 9)

{72} بہترین گفتگو وہ ہے جو مختصر اور پُر دلیل ہو۔ (مدنی مذاکرہ، 6 رجب المرجب ۱۴۳۶ھ، مدنی پھول 4)

www.dawateislami.net

{73}حاجی زم زم عطاری رحمۃ اللہ علیہ میرے قریب ترین رفقاء میں سے تھے اور مجھ سے بہت محبت کرتے تھے۔

(مدنی مذاکرہ، 13 رجب المرجب ۱۴۳۶ھ، مدنی پھول 8)

{74}لکھ کر گفتگو کرنے کے لیے قفل مدینہ پیڈ اور قلم رکھنے کی حاجت ہوتی ہے، اس لیے اسلامی بھائیوں اور اسلامی بہنوں کو چاہئے کہ اپنے کُرتے میں جیب بھی رکھا کریں۔ (مدنی مذاکرہ، 5 شعبان المعظم ۱۴۳۶ھ، مدنی پھول 5)

{75} اپنی جیب میں پلاسٹک کی تھیلی (شاپر وغیرہ) رکھیں، مسجد میں تنکا، بال وغیرہ دیکھیں تو اٹھا کر اُس میں ڈال دیں۔ (مدنی مذاکرہ، 25 شعبان المعظم ۱۴۳۶ھ، مدنی پھول 4)

{76} روٹی کم کھانے کی تحریک میں آدھی روٹی کھانے والے ممتاز، پون روٹی والے بہتر اور پوری روٹی والے مناسب درجے والے ہیں۔ روٹی سے مراد "نارمل روٹی" ہے۔ (مدنی مذاکرہ، 3 رمضان المبارک ۱۴۳۶ھ، مدنی پھول 7)

{77}اللہ عزوجل کی رضا کے لیے کم کھانا عبادت ہے۔ (مدنی مذاکرہ، 3 رمضان المبارک ۱۴۳۶ھ، مدنی پھول 8)

{78}تہجد پڑھنے سے چہرے پر ایسی نورانیت آتی ہے جو قبر میں بھی ساتھ رہے گی۔ ان شاء اللہ عزوجل

(مدنی مذاکرہ، 7 رمضان المبارک ۱۴۳۶ھ، مدنی پھول 1)

{79}اللہ تعالیٰ ہمیں ذکر کرنے والی زبان اور فکر کرنے والی خاموشی عطا فرمائے۔

(مدنی مذاکرہ، 10 شوال المکرم ۱۴۳۶ھ، مدنی پھول 11)

{80}عام طور پر نیتیں کرنے کا ذہن نہیں ہے۔ (مدنی مذاکرہ، 10 شوال المکرم ۱۴۳۶ھ، مدنی پھول 21)

{81}مکتبۃ المدینہ کا شائع کردہ رسالہ "ثواب بڑھانے کے نسخے" بار بار پڑھئے۔

(مدنی مذاکرہ، 10 شوال المکرم ۱۴۳۶ھ، مدنی پھول 18)

{82}روزے کی روح تقویٰ ہے۔ (مدنی مذاکرہ، 15 رمضان المبارک ۱۴۳۶ھ، مدنی پھول 2)

{83}اذان کا احترام کرتے ہوئے گفتگو موقوف کر دینا چاہیے۔

(مدنی مذاکرہ، 17 رمضان المبارک ۱۴۳۶ھ، مدنی پھول 1)

{84}الحمد اللہ عزوجل مجلس مدنی انعامات سر بند کی سنت عام کرنے میں مصروفِ عمل ہے۔ (مدنی مذاکرہ، 18 رمضان المبارک ۱۴۳۶ھ، مدنی پھول 6)

www.dawateislami.net

**{85}** بغیر نیت کے ثواب نہیں۔(مدنی مذاکرہ،18رمضان المبارک ۱۴۳۶ھ،مدنی پھول 8)

**{86}** گھور کر دیکھنا، بے موقع مسکرانا،طنز کرنا،مذاق اڑانا،دل آزاری کا باعث ہیں۔

(مدنی مذاکرہ،22رمضان المبارک ۱۴۳۶ھ،مدنی پھول 4)

**{87}** 95% گناہ زبان کے غلط استعمال سے ہوتے ہیں۔

(مدنی مذاکرہ،27رمضان المبارک ۱۴۳۶ھ،مدنی پھول 1)

**{88}** غمِ رمضان باقی رکھنا چاہتے ہیں تو فضول نہ بولئے۔

(مدنی مذاکرہ،22رمضان المبارک ۱۴۳۶ھ،مدنی پھول 9)

**{89}** روزہ بہت بڑی نعمت ہے،اس کا ثواب بلا حساب ہے۔

(مدنی مذاکرہ،29رمضان المبارک ۱۴۳۶ھ،مدنی پھول 3)

**{90}** خاموش طبعیت کی اپنی ہیبت ہوتی ہے،رسالہ "خاموش شہزادہ" کا مطالعہ فرمائیں۔

(مدنی مذاکرہ ،۱۳شوال المکرم ۱۴۳۵مدنی پھول نمبر 14)

**{91}** حرمین طیبین میں بھی اپنے اوقات حتی الامکان مدنی انعامات کے مطابق گزاریئے۔

(مدنی مذاکرہ ۲ ذوالحجہ ۱۴۳۵مدنی پھول نمبر 6)

**{92}** یااللہ عزوجل! جو روزانہ دو درس دیں یا سنیں وہ مرنے سے پہلے مدینہ دیکھیں۔

(مدنی مذاکرہ ،۱۷شوال المکرم ۱۴۳۵مدنی پھول نمبر 24 آف ایئر)

{93} اللہ کرے ہم بولنے سے پہلے تولنے کی عادت بنائیں۔

(مدنی مذاکرہ28شوال المکرم 1435مدنی پھول نمبر 16)

{94} تمام مسلمان فضول باتوں اور گناہوں سے بچیں تو عالمِ اسلام میں امن آجائے۔

(مدنی مذاکرہ 1 محرم 1435 مدنی پھول نمبر 14)

-------------------------

**{مکتب مدنی انعامات}**

www.dawateislami.net